27/02/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

نائب صدر جمہوریہ

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کشمیر یونیورسٹی کے 21ویں کنوکیشن میں کل قریب 60 ہزار طالب علموں میں ڈگریاں اور گولڈ میڈل تقسیم کئے ۔

نائب صدر نے ڈگریاں حاصل کرنے والے طالب علموں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں اپنی صلاحیتونکوتعمیری سرگرمیوں میں استعمال کرنے کی تاکیدکی ۔

....

لیفٹنٹ گورنر

کنوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کے چانسلر اور جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ حصول تعلیم سماج میں بدلاؤ لانے کا باعث بنتاہے۔ انہوننے فارغ التحصیل طالب علمونکے مستقبل کے تئیں نیک خواہشات کااظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

....

وزیر اعلیٰ

جلسہ

تقسیم اسناد کی تقریب سے یونیورسٹی کے پرو چانسلر اور جموں کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر غ عبداللہ نے بھی خطاب کیا ۔ انہوننے کہاکہ جموں کشمیر میں ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ مراکز قائم کرنے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

....

اس سے قبل یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے یونیورسٹی کی سرگرمیوں اور بنیادی ڈھانچے کا خلاصہ کیا۔

منسکھ منڈاویہ

کھیل کو دکے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے کہا ہے کہ گلمرگ میں منعقد ہونے والا کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا اگلا شمارہ 15روز پر محیط ہوگا۔

گالف کورس گلمرگ مینکھیلو انڈیا ونٹر گیمز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ جموں کشمیر میں سرما ئی کھیلوں کو تقویت بخشنے کیلئے نیشنل سینٹر آف ایکسی لنس قائم کیا جائے گا۔

....

ریل

کو چلانے کی مدت میں VISTADOME شمالی ریلوے کی طرف سے وادی میں خاص ریل گاڑی توسیع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے ۔ شیڈول کے مطابق بڈگام سے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ تک اور پھر واپس اسی روٹ پر اتوار کو چھوڑ کر ہفتے کے چھ دن دو جولائی 2026 تک چلائی جائے گی ۔

وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ

گورنمنٹ ڈگری کالج بانڈی پورہ میں ضلع سطح کا وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ 2026 منعقد کیا گیا۔وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ طلبہ کو جمہوری اقدار اور قوم سے متعلق کئی مسائل پر غور و فکر کرنے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے ۔ پروگرام میں دیگر کئی کالجوں اور طلباءکی پرجوش شرکت دیکھی گئی۔

اس دوران” ایمرجنسی کے 50 سال : بھارت کے لئے سیکھ “کے موضوع پر مباحثے بھی کیے گئے۔ اس موقع پر MLA بانڈی پورہ نظام الدین بٹ مہمان خصوصی تھے۔

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے شہری بنیادی ڈھانچے اور عوامی سہولیات کے انتظام اور استعمال کا جائزہ لینے کی غرض سے تبت کالونی عیدگاہ اور دیوی آنگن بادام واری میں میونسپل اثاثوں کا وسیع معائنہ کیا ۔

کمشنر موصوف نے خاص طور پر صفائی کے انتظامات، نکاسی اور کوڑے کے انتظام جیسے میونسپل انفراسٹرکچر کا جائزہ لیا۔

مشن یووا

مشن یووا کے مشن ڈائریکٹرہر ویندر سنگھ نے ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشورکے ہمراہ ضلعے میں مشن یووا کے نفاذ کی پیش رفت کا مشترکہ طور پر جائزہ لیا۔

انہوں نے ضلع گاندربل میں مشن یووا کے تحت گزشتہ مہینوں میں منعقد کیے گئے تربیتی پروگراموں کی تفصیلات کی جانکاری بھی حاصل کی۔

اننت ناگ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ کشمیر اور ضلع اطلاعاتی مرکز اننت ناگ کے باہمی اشتراک سے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ہائیر سیکنڈری سکول مٹن میں ایک ثقافتی پروگرام منعقد کیا گیا ۔ پروگرام کا مقصد منشیات کے استعمال اور اس کے سنگین نتائج کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کرنا تھا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت1 اعشاریہ5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ 9 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ